# 30-08-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں سیاحت کو فروغ دینے کیلئے نئی پالیسی وضع کرنے کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔

☆ تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرما آرکا نے کہا کہ حکومت پرائیوٹ سکیورٹی ایجنسیز ایکٹ کا جائزہ لے گی۔

☆ ریاستی وزیر آبپاشی اُتم کمار ریڈی نے واضح کیا کہ ڈیوادولا پراجکٹ مارچ 2026 تک مکمل کرلیا جائے گا۔

☆ وظیفہ یابوں کے مسائل کی یکسوئی کیلئے مرکزی حکومت نے ایک سادہ پنشن اپیلیکشن فارم اور مستقبل کے امور کو ڈیجیٹل طور پر مربوط کرنے کے لئے پہل کی ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کانگریس کے کارگذار صدر جگا ریڈی نے الزام لگایا کہ سابق بی آر ایس حکومت نے کسانوں کے مفادات کو نظر انداز کر دیا تھا۔حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جگا ریڈی نے سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ پر تنقید کی اور کہا کہ کے سی آر نے کسانوں کے مسائل حل کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات نہیں کئے بلکہ وہ صرف فارم ہاؤز تک ہی محدود رہے۔

☆☆☆☆☆

کریم نگر ضلع کلکٹر پی ستپتی نے خواتین کو مشورہ دیا کہ وہ مقامی ہیلتھ ویمن کلینک میں تقریباً پچاس اقسام کے مختلف میڈیکل ٹسٹ مفت میں کرائے۔محکمہ بہبودی خواتین واطفال کی جانب سے کریم نگر ضلع کو چنا ملکا نور میں منعقدہ ایک بیداری پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کلکٹر نے کہا کہ تقریباً پینتالیس ہزار روپئے کے ٹسٹ مفت میں کئے جارہے ہیں اور ان ٹسٹ میں کینسر کی تشخیص بھی ابتدائی مرحلہ میں ہورہی ہے۔کلکٹر نے کہا کہ حاملہ خواتین اور دودھ پلانے والی مائیں متوازن غذا کا استعمال کریں اور خون کی کمی سے بچنے کیلئے آئرن اور کیلشیم کی دوائیں کھائیں۔انہوں نے کہا کہ آنگن واڑی مراکز میں انگریزی ذریعہ تعلیم سے ابتدائی تعلیم دی جارہی ہے اور چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو آنگن واڑی مراکز روانہ کرنے کی انہوں نے اپیل کی۔

☆☆☆☆☆

وظیفہ یابوں کے مسائل کی یکسوئی کیلئے مرکزی حکومت نے ایک سادہ پنشن اپیلیکشن فارم اور مستقبل کے امور کو ڈیجیٹل طور پر مربوط کرنے کے لئے پہل کی ہے ۔مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے نئی دہلی میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ اس پہل کا آغاز کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ ای ایچ آر این ایس کے ذریعہ وظیفہ یابوں کے لئے مختلف مراحل آسان ہوجائیں گے۔محکمہ پرسنل کے سکریٹری وویک جوشی نے کہا کہ نو پنشن فارمس کو مربوط کرتے ہوئے ایک واحد فارم بنایا گیا ہے تاکہ اس عمل کو آسان بنایا جاسکے۔محکمہ پنشن کے سکریٹری وی سرینواس نے کہا کہ اس سہولت کے ذریعہ درخواست گذار اپنی درخواست کے اسٹیٹس کے بارے میں جان سکتے ہیں۔انہیں ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعہ معلومات فراہم کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

وقف ترمیمی بل 2024 کو تشکیل دی گئی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی جے پی سی نے بل پر عوام اور ماہرین کی تجاویز طلب کی ہے۔لوک سبھا سکریٹریٹ نے آج اس ضمن میں اشتہار جاری کیا۔جس میں کہا گیا کہ کوئی بھی شخص یا تنظیم وقف ترمیمی بل سے متعلق اپنی تجاویز پوسٹ، فیاکس یا ای میل کے ذریعہ جے پی سی تک روانہ کرسکتے ہیں۔ اگر کوئی تحریری طور پر کوئی یادداشت یا تجاویز کمیٹی کو دینا چاہتے ہیں وہ جوائنٹ سکریٹری جے ایم لوک سبھا سکریٹریٹ کمرہ نمبر 440 پارلیمنٹ ہاؤز، اینکسی نئی دہلی کو ہندی یا انگریزی زبان میں دو کاپیاں روانہ کریں۔ای میل jpcwaqf-iss@sansad.nic.in یا فیاکس نمبر 23017709 کے ذریعہ اشتہار کے شائع ہونے کی تاریخ سے پندرہ دنوں کے اندر لوگ اپنی تجاویز بھیج سکتے ہیں۔فون نمبر : 23034440 ، 23035284 پر ربط بھی کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ اسٹیٹ سودن پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی لمیٹیڈ کے مینجنگ ڈائرکٹر مشرف فاروقی نے کیبل آپریٹرس اور انٹرنیٹ سرویس پروائیڈر سے کہا کہ وہ فوری طور پر برقی کھمبوں سے غیرضروری تاریں اور دیگر سامان ہٹالیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ہدایت پر عمل نہ کرنے کی صورت میں متعلقہ اداروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ کمپنی نے مزید کہا کہ معاہدہ کے باوجود بعض کیبل آپریٹرس اور انٹرنیٹ سروس پروائیڈرس نے تارے ہٹانے کے سلسلہ میں کمپنی سے تعاون نہیں کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اپنے ریمارکس پر سپریم کورٹ کی برہمی کے بعد سوشیل میڈیا پر ایک پوسٹ کے ذریعہ کہا کہ وہ ہندوستانی عدلیہ کا احترام کرتے ہیں اور انہیں عدلیہ پر پورا اعتماد ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بعض میڈیا رپورٹس کی وجہ سے یہ غلط فہمی پیدا ہوئی ہے کہ وہ عدالت پر سوال کھڑے کر رہے ہیں۔ انہوں نے پریس رپورٹس میں آئے بیانات پر غیرمشروط طور پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ میڈیا رپورٹس کے ریمارکس کو سیاق وسباق سے ہٹ کر لیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ وہ ہندوستانی آئین پر مکمل یقین رکھتے ہیں اور عدلیہ کا بھی احترام کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریجنل پاسپورٹ آفس حیدرآباد نے جانکاری دی ہے کہ تکنیکی خرابی کی وجہ سے پاسپورٹ سیوا پورٹل کل سے بند ہے اور دو ستمبر تک دستیاب نہیں رہے گی۔ پاسپورٹ آفس کے مطابق آج شیڈول ہونے والے تمام پاسپورٹ اپائنمنٹس پر نظرثانی کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین نے آئندہ مہینہ ہونے والے میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موقع پر منعقد ہونے والے اپنے پروگرامس کی تواریخ میں تبدیلی کی ہے۔ عام طور پر ایم آئی ایم کی جانب سے میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک دن پہلے جلسہ منعقد کیا جاتا ہے لیکن اس مرتبہ 17 ستمبر کو گنیش وسرجن اور میلادالنبیؐ ایک ساتھ آنے کی وجہ سے پارٹی نے اپنے پروگرام کی تاریخ میں تبدیلی کی ہے۔ میلاد کمیٹی نے بھی 19 ستمبر کو میلاد جلوس نکالنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ ایم آئی ایم کا جلسہ رحمت العالمین دارالسلام گراؤنڈ پر بیس ستمبر کو منعقد ہوگا اور اسی مقام پر کل ہند نعتیہ مشاعرہ 21 ستمبر کو منعقد ہوگا۔

☆☆☆☆☆

ریاست تلنگانہ نے کل صبح ساڑھے سات بجے بجلی کی اب تک کی سب سے زیادہ مانگ پندرہ ہزار پانچ سو تر ہتر میگاواٹ ریکارڈ کی ہے۔ جو کہ جاریہ مالیاتی سال میں سب سے زیادہ ہے۔ گزشتہ سال اسی مدت کے دوران بجلی کی مانگ 14816 میگاواٹ تھی۔ اس سال اس میں 5.11 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ رواں سال 8 مارچ کو 15623 میگاواٹ کی بجلی کی مانگ سب سے زیادہ تھی۔

☆☆☆☆☆

پداپلی ڈسٹرکٹ ایجوکیشنل آفیسر ڈی مادھوی نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف انٹالکچولی ڈیفرنٹیل ایبل پرسن سکندرآباد کی نگرانی میں پندرہ معذور طلبہ میں لرننگ میٹریل کیٹس تقسیم کئے۔ ڈی او نے کہا کہ والدین اور اساتذہ کو چاہئے کہ وہ ان کیٹس کے بہتر استعمال میں معذور طلبہ کی مدد کریں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ اسٹیٹ ایس سی، ایس ٹی کمیشن کے چیئرمین بی وینکٹیا نے کہا کہ ایس سی اور ایس ٹی سے متعلق مقدمات کی جلد یکسوئی ہونی چاہئے۔ انہوں نے آج سنگاریڈی میں ایک جائزہ میٹنگ منعقد کی جس میں ضلع عہدیداران، پولیس افسران، اور ایس سی ایس ٹی طبقات کے قائدین نے شرکت کی۔ بی وینکٹیا نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کو چاہئے کہ وہ ایس سی، ایس ٹی کیسس غیرضروری طور پر کسی پر نہ تھوپے۔

☆☆☆☆☆

جاریہ جنوب مغربی مانسون کے دوران تلنگانہ میں 627.6 ایم ایم اوسط بارش ریکارڈ کی گئی ہے جبکہ معمول کی بارش 588.6 ایم ایم سے 12 فیصد بڑھ کر ہے۔ حیدرآباد میں 511.5 ایم ایم بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرما رکا نے کہا کہ حکومت پرائیوٹ سکیورٹی ایجنسیز ایکٹ کا جائزہ لے گی نیشنل ڈیجیٹل سکیورٹی سمیٹ 2024 سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ نے سرکاری حکام سے کہا کہ وہ شہر حیدرآباد میں سکیورٹی اور سلامتی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے لائحہ عمل تیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کے دوران اٹھائے گئے مسائل پر حکومت غور کرے گی۔

☆☆☆☆☆

محبوب نگر میں جسمانی معذور اور بصارت سے محروم افراد کے مکانات کے انہدام پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے بی آر ایس لیڈر آر ایس پروین کمار نے کہا کہ منہدم کئے گئے مکانات کے ملبہ میں اسکولی یونیفارم میں موجودہ ایک چھوٹی لڑکی کو اپنی کتابوں کو تلاش کرتے ہوئے دیکھ کر انہیں بہت تکلیف ہوئی ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ سے سوال کیا کہ وہ اس طرح کی کارروائیوں کے بعد سکون کی نیند کیسے سوسکتے ہیں۔ پروین کمار نے کانگریس حکومت پر دوہرا معیار اختیار کرنے کا الزام لگایا اور کہا کہ وہ غریبوں کے خلاف فوری کارروائی کرتی ہے جبکہ مالدار اور بااثر افراد کے ساتھ نرمی کا معاملہ کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر آبپاشی اُتم کمار ریڈی نے واضح کیا کہ ڈیوادولا پراجکٹ مارچ 2026 تک مکمل کرلیا جائے گا۔ اُتم کمار ریڈی نے ملگو ضلع میں ڈیوادولا پراجکٹ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزراء پی سرینواس ریڈی اور سیتا اکا بھی ان کے ساتھ موجود تھے۔ بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اُتم کمار ریڈی نے کہا کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں اس پراجکٹ پر کروڑوں روپے خرچ کئے گئے لیکن اس کے باوجود پانی نہیں آیا اور چودہ ہزار کروڑ روپئے کے بلز ابھی بھی واجب الادا ہیں۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ کانگریس حکومت کا مقصد تلنگانہ کے دیہی علاقوں میں تبدیلی کرنا ہے۔

☆☆☆☆☆

آندھرا پردیش حکومت نے ملازمین کے تبادلوں کی آخری تاریخ میں مزید پندرہ دنوں تک توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ملازمین کے تبادلوں کا عمل اب پندرہ ستمبر تک جاری رہے گا۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حکام کو ہدایت دی کہ وہ ٹی ڈی بورڈ کی طرز پر یادگیری گٹہ مندر کے لئے بھی ایک بورڈ تشکیل دیں۔ وزیراعلیٰ نے آج یادادری مندر کے ترقیاتی کاموں پر ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے یادگیر گٹہ مندر کے زیر التوا کاموں کی تفصیلات بھی عہدیداروں سے پوچھیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں سیاحت کو فروغ دینے کیلئے نئی پالیسی وضع کرنے کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔ سیاحت پر ایک جائزہ اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایکو ٹمپل اور ہیلتھ ٹوریزم کو فروغ دینے کیلئے خصوصی توجہ دی جائے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے حیدرآباد کے مضافات میں مزید ایک زو کے قیام کیلئے منصوبہ تیار کرنے کی حکام کو ہدایت دی۔

☆☆☆☆☆

آکاش وانی حیدرآباد کیندر میں پروگرامنگ ڈپارٹمنٹ کے ہیڈ وڈپٹی ڈائرکٹر وی ادئے شنکر کل اپنے عہدہ سے سبکدوش ہوں گے۔ انجینئرنگ ڈائرکٹر آر اکھیلند یشوری ،اسسٹنٹ ڈائرکٹر اے ایل کمار کی معیاد بھی کل ختم ہورہی ہے۔ آل انڈیا ریڈیو کے عملہ اور سینئر افسران نے تینوں سبکدوش ہونے والے افسران کو مبارکباد پیش کی۔ ادئے شنکر نے سال 1988 میں بحیثیت پروگرام اگزیکیٹیو چینائی سے اپنی خدمات کا آغاز کیا تھا اور انہوں نے اپنی پوری سروس کے دوران وشاکھاپٹنم، وجئے واڑہ، کرنول، کڑپہ اور نظام آباد کے مراکز میں مختلف عہدوں پر خدمات انجام دی۔ اکھیلند یشوری 1986 میں آل انڈیا ریڈیو سے وابستہ ہوئی تھیں اور مختلف عہدوں پر خدمات انجام دیتے ہوئے ڈائرکٹر کے عہدہ پر فائز ہوئی تھیں۔ انہوں نے چودہ ریڈیو اسٹیشنس ،ایف ایم مراکز میں موثر طریقہ سے اپنی خدمات انجام دیں وہیں موسیقی پروگراموں کے لئے اے ایل کمار سامعین میں مشہور ہیں۔

☆☆☆☆☆